سوال

(94)فاسق کے لئے رحم کی دعا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرا ایک رشتہ دار فوت ہوگیا جو زندگی میں فاسق فاجر تھا لیکن وہ نماز پڑھتا تھا تو کیا وفات کے بعد اس کے لئے رحمۃ اللہ علیہ کہنا اور دعاء کرنا جائز ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے شخص کے لئے دعاء کرنا اور رحمۃ اللہ علیہ کہنا جائز ہے۔ جب تک کے اس نے دین اسلام کو اپنا دین سمجھا شہادتین کا اقرار کیا۔ نمازیں پڑھیں اور دین کے ظاہری شعار کو بجالاتا رہا تو وہ اپنے گناہوں اور برُے اعمال کیوجہ سے دعاء کا زیادہ مستحق ہے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ مسلمان کی دعاء قبول کر کے اس کے گناہوں کو معاف فرمادے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاوی بن باز رحمہ اللہ]

جلددوم